# جلسہ عطائے اسناد (Convocation) میں شرکت کرنے والے طلباء وطالبات کے لیے ضروری ہدایات

۱۔ مندرجہ ذیل دستاویزات کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی فارم کے ساتھ منسلک کر کے یونیورسٹی کے پتہ پر بذریعہ ڈاک یا دستی جمع کرائیں۔

i) قومی شناختی کارڈ (اپنا اور مہمانوں کا)

ii) انرولمنٹ کارڈ

iii) آخری امتحان کی consolidated مارک شیٹ (جس میں ڈویژن اور پوزیشن کی وضاحت ہو)۔

iv) 2023-24 نئی رجسٹریشن کروانے والے -/10,000 روپے کا پے آرڈر (اصل) بنام رجسٹرار فارم کے ساتھ جمع کروائیں۔

v) سال 2023 سے پہلے کے ڈگری ہولڈرز بھی رجسٹریشن کرواسکتے ہیں۔

۲۔ طلبہ فارم میں واضح طور پر صبح وشام پروگرام کی نشاندہی کریں گے۔ اپنا سال داخلہ، پاس کرنے کا سال لازماً تحریر کریں گے۔

۳۔ وہ طلبہ جنہیں اب تک ڈگری جاری نہیں کی گئی ہے ڈگری فارم جمع کروانے کے لیے شعبہ امتحانات سے رجوع فرمائیں۔

۴۔ جلسہ عطائے اسناد میں شرکت کرنے والے طلبہ (والد، والدہ، بہن بھائی، شوہر یا اہلیہ) میں سے کوئی دو مہمان لاسکتے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی اور نہیں آسکتا۔

۵۔ جلسہ عطائے اسناد میں شرکت کے لیے یونیورسٹی کی جانب سے مقرر کردہ اکیڈمک لباس (Costume/Robs) پہننا ضروری ہے جو رجسٹریشن ڈیسک سے کرائے پر دستیاب ہوگا۔ (لباس کی فیس طلبہ خود ادا کریں گے) مقررہ لباس (dress code) کے بغیر کسی طالبعلم کو پنڈال میں داخلہ کی اجازت نہیں ہوگی۔

طلبہ اپنے واٹس ایپ نمبر لازماً تحریر کریں، پروگرام کی تفصیل انہیں واٹس ایپ کردی جائیں گی۔

رجسٹریشن فارم مطلوبہ دستاویزات کے ساتھ درجِ ذیل پتہ پر بذریعہ ڈاک/ دستی جمع کروائی جاسکتی ہے:

(وفاقی اُردو یونیورسٹی کانووکیشن سیکریٹریٹ، دفتر اکیڈمک، انتظامی عمارت، گلشن اقبال کیمپس، کراچی)

میں اس بات کا اقرار کرتا/کرتی ہوں کہ اس درخواست میں تمام اندراجات میری معلومات اور یقین کی حد تک بالکل صحیح اور درست ہیں۔

۶۔ سال 2018 تک کے طلباء وطالبات جو شرکت کے خواہش مند ہیں وہ رجسٹریشن کے لیے ایک علیحدہ درخواست بنام رجسٹرار دیں گے۔

نام: ____________________ قومی شناختی کارڈ: ____________________

دستخط: ____________________ تاریخ: ____________________